© rasailojaraid.com

# تبصرہ کتب

## مقالات و ملفوظات علامہ سیّد عبدالقدوس ہاشمی ندوی

مرتب : اقبال احمد صدیقی
ناشر : مولانا عبدالقدوس ہاشمی ٹرسٹ، ۱۹۴-اے، سندھی مسلم ہاؤسنگ سوسائٹی۔ کراچی
صفحات : ۲۹۶
سالِ اشاعت : ۱۹۹۱ء
قیمت : ایک سو روپے

مولانا عبدالقدوس ہاشمی کے ایک مجموعۂ مقالات (مرتبہ ثناء الحق صدیقی) پر "عالمِ اسلام اور عیسائیت" کی اشاعت بابت اگست ۱۹۹۳ء میں تبصرہ شائع ہو چکا ہے۔ جناب اقبال احمد صدیقی کے مرتبہ زیرِ نظر مجموعے کے بعض مقالات وہی ہیں جو جناب ثناء الحق نے اپنے مرتبہ مجموعے میں شامل کیے تھے، تاہم پہلے مجموعے کے کچھ مقالات زیرِ نظر مجموعے میں شامل ہونے سے رہ گئے ہیں اور کچھ دوسرے مقالات زائد ہیں۔

جناب اقبال احمد صدیقی نے زیرِ تبصرہ مجموعے کو محض "مقالات علامہ ہاشمی" نہیں بلکہ "مقالات و ملفوظات علامہ سیّد عبدالقدوس ہاشمی ندوی" کا نام دیا ہے۔ "ملفوظات" کے نام سے اس میں کوئی مقالہ یا تحریر شامل نہیں البتہ جناب ثناء الحق صدیقی نے ایک مضمون میں اور مولانا محمد ناظم ندوی نے کتاب کے "پیش لفظ" میں مولانا عبدالقدوس ہاشمی کا تذکرہ کیا ہے اور ان کی سیرت و کردار پر روشنی ڈالی ہے، مگر اس کے باوجود "ملفوظات" کے لفظ سے جو تاثر ذہن میں بنتا ہے، یہ تحریریں چنداں اس معیار پر پوری نہیں اترتیں اور سچی بات یہ ہے کہ ان حضرات کے پیش نظر یہ نہیں رہا کہ مولانا ہاشمی کی مجالس میں ہونے والی گفتگوؤں کا ذکر کیا جائے۔ اگر کہیں کہیں اس کی جھلک آ گئی ہے، تو یہ محض حسنِ اتفاق ہے۔

جہاں تک مضامین کی ترتیب کا تعلق ہے تو اس میں کوئی ربط نہیں۔ سیرت، قرآن و حدیث، تاریخ و سوانح اور تصوّف کے متنوع موضوعات پر مقالات محض یک جا کر دیے گئے ہیں۔ وثوق سے نہیں



© rasailojaraid.com